سوال

(383)آپ کے بھائی کا رضاعی والد محرم نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری چھوٹی بہن نے میری بڑی بہن کا اس کے بچے کے ساتھ دودھ پیا تھا اور میرے بیٹے نے بھی میری بہن کا دودھ پیا ہے کیا میرے بیٹے کے والد میرے شوہر کیلئے یہ جائز ہے کہ وہ میری چھوٹی اور بڑی بہن کا محرم ہو اور اس کے نتیجہ میں وہ اس سے پردہ نہ کریں' رہنمائی فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کی چھوٹی اور بڑی بہن کیلئے آپ کے شوہر کے سامنے اس وجہ سے بے پردہ آنا جائز نہیں کہ آپ کے بیٹے نے آپ کی بڑی بہن کا دودھ پیا ہے۔ آپ کی اس بہن کا شوہر جس نے آپ کے بیٹے کو دودھ پلایا ہے' آپ کے بیٹے کا رضاعی باپ ہوگا اور اس بیٹے کی بیوی کا محرم' کیونکہ یہ اس کے رضاعی بیٹے کی بیوی ہے بشرطیکہ رضاعت پانچ یا اس سے زیادہ رضعات کی صورت میں ہو اور دو سال کے اندر ہو کیونکہ نبی اکرمؐ نے فرمایا:

((یحرم من الرضاعة ما یحرم من النسب)) (صحیح البخاري)

''رضاعت سے بھی وہ رشتہ حرام ہو جاتا ہے جو نسب سے حرام ہوتا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الرضاع: جلد 3 صفحہ 357

محدث فتویٰ